**23-12-2024**

**2115 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے دلّی میں کرسمس تقریبات میں شرکت کی۔ انہوں نے عدم روا داری اور تشدد پھیلانے کی کوششوں کی مذمت کی۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے میڈیکل کے شعبے میں ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے تناظر میں میڈیکل اور انجینئرنگ اداروں کے درمیان اشتراک و تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆ مرکز نے سالانہ امتحانات میں ناکام ہونے والے پانچویں اور آٹھویں جماعت کے طلباء کیلئے **No-Detention Policy** کو ختم کردیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ کے سابق جج **V.Ramasubramanian** کو انسانی حقوق کے قومی کمیشن **NHRC** کا چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔

☆ مشہور فلم ساز شیام بینیگل کا انتقال ہوگیا ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، کل ودودرا کے مقام پر بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تین میچوں کی **ICC** چیمپئن شپ سیریز کا دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## Rev PM Christmas

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ جب سماج میں تشدد پھیلانے کی کوشش کی جاتی ہے تو انہیں دلی تکلیف پہنچتی ہے۔ آج شام نئی دلی میں کیتھولک بشپ کانفرنس آف انڈیا **CBCI** کے زیر اہتمام کرسمس تقریبات کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے چند روز پہلے جرمنی میں کرسمس بازار حملے کا ذکر کیا۔ انہوں نے لوگوں سے

اپیل کی کہ وہ ان چیلنجوں کے خلاف متحد ہو کر آگے آئیں۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اپنی خارجہ پالیسی میں قومی اور انسانیت کے مفاد دونوں کو ترجیح دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا بھارت اپنے شہریوں کی حفاظت کو اپنی ذمہ داری کے طور پر دیکھتا ہے۔ خواہ وہ کہیں بھی اور کسی بھی طرح کے بحران کا سامنا کررہے ہوں۔

انہوں نے کہا کہ ان کیلئے یہ لمحہ انتہائی اطمینان بخش تھا جب فادر **Alexis** پریم کمار کو جنگ زدہ افغانستان سے بحفاظت وطن واپس لایا گیا تھا۔ ایک دہائی پہلے وہ افغانستان میں آٹھ ماہ تک یرغمال بناکر رکھے گئے تھے۔ انہوں نے فادر **Tom** کو بھی یاد کیا جنہیں یمن میں کئی ماہ قید میں رہنے کے بعد واپس وطن لایا گیاتھا۔

جناب مودی نے کہا کہ کووڈ وبا کے دوران، جو ممالک حقوق انسانی کے بڑے بڑے دعویٰ کرتے تھے جب غریب ممالک کی مدد کرنے کا وقت آیا تو پیچھے ہٹ گئے۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ کے دوران، بھارت نے اپنی گنجائش سے آگے بڑھ کر غریب ممالک کی مدد کی اور **150** سے زیادہ ملکوں کو دوائیں فراہم کیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں نے وکست بھارت کا خواب پورا ہونے کا اعتماد فراہم کیا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ملک سب کا ساتھ، سب کا وکاس اور سب کا پریاس کے یکساں مقصد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے کارڈنل، بشپ اور چرچ کے نمایاں اراکین سمیت عیسائی برادری کے سرکردہ رہنماؤں سے بھی بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ پوپ فرانسس کے ذریعہ **George Koovakad** کو مقدس رومن کیتھولک چرچ کا **Cardinal** بنایا جانا ایک باعثِ فخر لمحہ ہے۔**X**

## **PM Rozgar Mela**

آج وزیر اعظم نریندرمودی نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ برس میں ملک کے نوجوانوں کو تقریباً دس لاکھ سرکاری نوکریاں مہیا کی گئی ہیں۔ جناب مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ **71** ہزار سے زیادہ نئے تقرر کردہ افراد کو تقرر نامے تقسیم کئے۔

جناب مودی نے کہا کہ ملک کے باصلاحیت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی ملک کی پالیسیوں اور فیصلوں پر توجہ مرکوز کی گئی جو اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ ملک **2047** تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے پر عہد بستہ ہے۔

وزیر اعظم نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ حکومت نے میک ان انڈیا، آتم نربھر بھارت ابھیان، اسٹارٹ اپ انڈیا، اسٹینڈ اپ انڈیا، ڈیجیٹل انڈیا جیسی متعدد اسکیموں کا آغاز کیا ہے اور ہر ایک اسکیم میں نوجوانوں کو خصوصی اہمیت دی گئی ہے۔**X**

## Prez - Convocation

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمونے کہا ہے کہ میڈیکل کے شعبے میں ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال نے میڈیکل اور انجینئرنگ اداروں کے درمیان اشتراک و تعاون کو بے حد اہم بنا دیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ آج شام نئی دلّی میں Vardhaman Mahavir میڈیکل کالج اور صفدرجنگ اسپتال کے چھٹے جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کررہی تھیں۔

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ Vardhaman Mahavir میڈیکل کالج اور صفدرجنگ اسپتال ، تحقیق اور اختراع کیلئے دلّی میں واقع انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کے اداروں کے ساتھ اشتراک کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین موضوعاتی معلومات کا تبادلہ ہر ایک کے مفاد میں ہوگا۔

محترمہ مرمو نے کہا کہ نوجوان ڈاکٹرس بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے ہدف کے حصول میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ڈاکٹروں کا عزم تعلیم ، تحقیق اور صنعت کاری کے ذریعے حفظانِ صحت کے شعبے میں بھارت کو سب سے آگے لانا ہونا چاہیئے۔ صدرِ جمہوریہ نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ NIRF انڈیا کی درجہ بندی میں Vardhaman Mahavir میڈیکل کالج اور صفدرجنگ اسپتال ملک کے سرفہرست 20 میڈیکل اداروں میں شامل ہیں۔x

## Detention Policy Scrapped

مرکزی حکومت نے پانچویں اور آٹھویں جماعت کے طلباء کیلئے No-Detention Policy کو ختم کردیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے، تعلیم کے سکریٹری جناب سنجے کمار نے کہا کہ پانچویں اور آٹھویں کلاس کے سالانہ امتحان میں ناکام ہونے والے طلباء کو دو مہینے میں دوبارہ امتحان دینے کا موقع دیا جائے گا۔ طلباء کے دوسری بار بھی امتحان میں ناکام ہونے کے بعد، انہیں پاس نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلباء کو ابتدائی تعلیم مکمل کئے بغیر کسی بھی اسکول سے نکالا نہیں جائے گا۔ سکریٹری موصوف نے بتایا کہ اس اقدام کا مقصد بچوں کے سیکھنے کے نتائج کو بہتر بنانا ہے۔

## CISF Posting Policy

سینٹرل انڈسٹریل سکیورٹی فورس CISF نے آج تعیناتی سے متعلق ایک نئی Policy متعارف کرائی ہے۔ نئی دلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے CISF میں IG(ADM)، ڈاکٹر کے سی Samantaray نے کہا کہ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ اپنی مرضی کے مطابق پوسٹنگ کو متعارف کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ CISF کے

ہر اہلکار کو اپنی مرضی کے مطابق پوسٹنگ کے **10** مقامات بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ ڈاکٹر **Samantaray** نے کہا کہ ، جو **CISF** اہلکار دو سال میں ریٹائر ہو جائیں گے۔ انہیں اپنی مرضی کے مطابق تین مقامات بتانے کا موقع دیا جائے گا اور انہیں ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور شادی شدہ جوڑوں کے معاملے میں بغیر مرضی کے مطابق پوسٹنگ کے چھ سال مکمل ہونے کے بعد انہیں مرضی کے مطابق پوسٹنگ کا موقع دیا جائے گا۔

انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ نئی پوسٹنگ پالیسی سے فورس کے **98** فیصد سے زیادہ اہلکار مستفید ہوں گے۔ ڈاکٹر **Samantaray** نے کہا کہ اس پالیسی کا مقصد زیادہ مستحکم اور مطمئن فورس کی تشکیل ہے۔

**CISF** میں اہلکاروں کی کُل تعداد ایک لاکھ **90** ہزار ہے اور یہ مختلف محکموں اور وزارتوں کے **359** یونٹس کو سکیورٹی خدمات فراہم کرتے ہیں۔**X**

## Rev NHRC - Chairperson

سپریم کورٹ کے ریٹائر جج **V.Ramasubramanian** کو آج انسانی حقوق کے قومی کمیشن **NHRC** کا نیا چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اُن کی تقرری کی منظوری دی ہے۔

**Priyank Kanoongo** اور ریٹائرڈ ڈاکٹر جسٹس **Bidyut Ranjan Sarangi** کو انسانی حقوق کے قومی کمیشن کا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔

جسٹس **V.Ramasubramanian** کو **23** ستمبر **2019** کو سپریم کورٹ کا جج مقرر کیا گیا تھا اور وہ **29** جون **2023** کو اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ اُن کی یہ تقرری اِس سال یکم جون کو **NHRC** کے چیئرپرسن کے طور پر سپریم کورٹ کے سابق جج ریٹائرڈ جسٹس اَرُون کمار مشرا کی مدت کار پورا ہونے کے کئی مہینوں کے بعد عمل میں آئی ہے۔

جسٹس مشرا کے سبکدوش ہونے کے بعد**Vijaya Bharathi Sayani** کو **NHRC** کا کارگزار چیئرپرسن بنایا گیا تھا۔ **x**

## SC NEET

سپریم کورٹ نے میڈیکل کاؤنسلنگ کمیٹی کو ہدایت دی ہے کہ وہ بھارت میں ڈاکٹروں کی حد سے زیادہ کم تعداد کے پیش نظر انڈر گریجویٹ کورسز کے قومی اہلیت کا داخلہ امتحان **(NEET)** کیلئے خالی میڈیکل سیٹوں کو بھرنے کیلئے کاؤنسلنگ کا ایک خصوصی راؤنڈ منعقد کرے۔ جسٹس بی آر گوئی اور کے وی وشو ناتھن پر مشتمل ایک بینچ نے مزید ہدایت دی کہ خالی **NRI** سیٹوں کو بھی جنرل کوٹے کے زمرے میں منتقل کیا جانا چاہئے اور انہیں **State**

Admission Authorities کے ذریعہ پُر کیا جانا چاہیئے۔

عدالت نے اپنے حکم میں کہا ہے کہ جب ملک میں ڈاکٹروں کی اس قدر کمی ہے تو میڈیکل کی یہ قیمتی سیٹیں اس طرح ضائع نہیں جانی چاہئیں۔

عدالت نے کہا کہ داخلے سے متعلق حکام کو یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ ایک نیا موقع یا پھر خصوصی کاؤنسلنگ کا انعقاد کریں تاکہ خالی سیٹوں کو پُر کیا جاسکے اور 30 دسمبر 2024، تک ہر حال میں اس عمل کو مکمل کیا جائے۔

بینچ نے مزید ہدایت دی ہے کہ کسی بھی کالج کو اس بات کی اجازت نہیں ہوگی کہ وہ طلباء کو براہِ راست داخلہ دیں اور یہ کہ طلباء کے داخلے کا عمل صرف داخلے سے متعلق ریاستی حکام کے ذریعہ ہی مکمل کیا جانا چاہیئے۔X

## Shah IB

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ بھارت ایک علاقائی لیڈر سے ایک عالمی لیڈر بن گیا ہے اور دنیا بھر میں سفارتکاری، معاشیات اور سیکورٹی کے منظر نامے کو نئی سمت دے رہا ہے۔ نئی دلی میں آج 37 ویں Intelligence Bureau Centenary Endowment لیکچر سے خطاب کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ، انٹیلی جنس بیورو کا کام کرنے کا طریقہ کار، اس کی نگرانی کرنے کی صلاحیت، فعال اور فیصلہ کُن کردار اور قربانی کے جذبے کی روایت اور اس کی لگن کی وجہ سے ہی آج ملک محفوظ ہے۔

انہوں نے کہا کہ پچھلے دس سال میں انٹیلی جنس بیورو کی محتاط رہنے، تیزی سے کام کرنے اور نتائج حاصل کرنے کی صلاحیت میں قابل ذکر بہتری دیکھی گئی ہے۔

جناب شاہ نے اُجاگر کیا کہ اہم بنیادی ڈھانچوں پر حملے، سائبر حملے، اطلاعات، نفسیات اور کیمیکل اور نوجوانوں کو انتہا پسند بنائے جانے جیسے خطرات ملک کیلئے سنگین چیلنجز کے طور پر اُبھرے ہیں۔ وزیر داخلہ نے اعتماد کا اظہار کیا کہ ہر وقت تیار اور چوکس رہ کر ملک ان چیلنجز کا سامنا کرسکتا ہے۔X

## FARMERS DAY

آج ملک بھر میں کسانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن، ملک کی ترقی اور فروغ میں، کسانوں کے تعاون کے اعزاز میں منایا جاتا ہے۔ کسان دِوَس، سابق وزیر اعظم آنجہانی چودھری چرن سنگھ کے یومِ پیدائش پر زرعی سیکٹر اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے شعبے میں، اُن کے گرانقدر تعاون کا اعتراف کرنے کیلئے منایا جاتا ہے۔

کسانوں کے اہم رول کا اعتراف کرتے ہوئے، حکومت نے، اُن کو مالی سیکیورٹی، فصل سے متعلق خطرات کو کم

کرنے اور طویل مدتی سماجی سکیورٹی فراہم کرنے کیلئے بہت سے اقدامات کیے ہیں۔ اِن اقدامات میں، پردھان منتری کسان سمّان نِدھی، پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا اور پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا شامل ہیں۔

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیر اعظم آنجہانی چودھری چرن سنگھ کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ x

## Shyam Benegal - Passed Away

مشہور فلم ساز اور ہدایت کار شیام بینیگل کا انتقال آج ممبئی میں ہوگیا۔ وہ **90** سال کے تھے۔ انہوں نے ممبئی کے ایک نجی اسپتال میں آخری سانس لی، جہاں اُن کے گردے کا علاج چل رہا تھا۔

آزمودہ کار ہدایت کار شیام بینیگل کو **1976** کی منتھن، **1977** کی بھومیکا: **The Role** ، **1978** کی جنون، **1982** کی **Arohan** ، **2004** کی نیتا جی سبھاش چندر بوس: **The Forgotten Hero** اور **2010** کی **Well Done Abba** جیسی فلموں کیلئے کئی قومی ایوارڈس عطا کئے گئے۔x

## Women Cricket

خواتین کرکٹ میں وڈودرا میں **ICC** چمپئن شپ سیریز کے تین میچوں کے دوسرے ایک روزہ میچ میں کل بھارت اور ویسٹ انڈیز آمنے سامنے ہوں گے۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔ اس سیریز کے پہلے ایک روزہ میچ میں اِسی مقام پر بھارت نے مہمان ٹیم کو **211** رن سے ہرادیا تھا۔ بھارتی ٹیم نوی ممبئی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی سیریز کو دو ایک سے جیتنے کے بعد اپنی جیت کے سلسلے کو برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ X

☆☆☆☆☆☆